Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

نیویارک ریاست امتحانی پروگرام

ریاضیاتی امتحان

ریاضیاتی انفرادی طالبانہ رپورٹ سمجھنا

ہر سال نیویارک ریاست تمام تر ریاست میں گریڈ 3 تا 8 کے طلبا کے لیے فنون انگریزی زبان (ELA) اور ریاضیات میں امتحانات منعقد کرتی ہے- وفاقی اور ریاستی احکامات کی تکمیل کے علاوہ، یہ مشترکہ بنیادی معیارات سے ہم آہنگ امتحانات طلبا اور اسکولوں کے لیے سال بہ سال کی پیش رفت کی پیمائش کرنے میں مدد کرتے ہیں- اہل خانہ اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاونٹ (https://www.mystudent.nyc) کے ذریعے یا اپنے بچے کے اسکول سے انفرادی طالبانہ رپورٹ (ISR) کی درخواست کرکے ان امتحانات پر طلبا کے نتائج تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں- یہ دستاویز ایک گریڈ 3 کے ISR کو مثال بنا کر اسکور رپورٹ کے حصوں کی وضاحت کرتا ہے-

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

صفحہ 1: طالبانہ نتائج کا خلاصہ

1 نیویارک ریاست سطح 3 ماہر	**کارکردگی کی سطح** نیویارک ریاست امتحان پر کارکردگی کی سطح 4, 3, 2 اور 1 کو اسکیل اسکور کے لیے تفویض کرتی ہے- طلبا اپنے انکے اسکیل اسکور پر منحصر (ذیل میں چارٹ ملاحظ کریں)، امتحان پر سطح 4 سے سطح 1 تک کا اسکور حاصل کرسکتے ہیں- چار کارکردگی کی سطوح کی میں سے ہر ایک کی توضیحات کے لیے اس صفحے کا نچلا حصہ ملاحظ کریں- آپکے حوالے کے لیے، آپکے بچے کی 2014 ریاضیات کارکردگی کی سطح ذیل ہے: سطح ہے: X 2
3 3.5	**مہارت کی درجہ بندی** مہارت کی درجہ بندی یہ دکھاتی ہے کہ کوئی طالب علم ایک مخصوص کارکردگی کی سطح کے اندر کس درجے پر ہے- درجہ بندی کے مدارج 1.0 سے 4.5 تک ہیں-
4 330	**اسکیل اسکور** امتحان پر طلبا کی کارکردگی کی مجموعی اسکیل اسکور میں تشریح کی جاتی ہے- اسکیل اسکور کا دائرہ کار 137-397 ہے- نیویارک ریاست ریاضیات گریڈ 3 اسکیل اسکور دائرہ کار سطح 4: 340 – 397 سطح 3: 314 – 339 سطح 2: 285 - 313 سطح 1: 137 - 284
5 76-100%	**نیویارک شہر صدویہ دائرہ کار** صدویہ دائرہ کار کو چوتھائیوں میں ظاہر کیا جاتا ہے؛ یہ دکھاتا ہے کہ آیا آپکے بچے کی گریڈ سطح اور اس امتحان پر نیویارک شہر کے تمام تر طلبا کے مقابلے میں آپکے بچے کی کارکردگی نچلے 25% یعنی (0-25%)، 26% اور 50% کے بیچ، 51% اور 75% کے بیچ، یا چوٹی کے 25% یعنی (76-100%) کے بیچ ہے-
8	**مجموعی ریاستی صدویہ دائرہ کار** مذکورہ بالا کی طرح، ماسوا کہ یہ دائرہ کار آپکے بچے کی گریڈ سطح اور اس امتحان پر **نیویارک ریاست** کے تمام تر طلبا کے مقابلے میں آپکے بچے کی کارکردگی ظاہر کرتا ہے-

1 کارکردگی کی سطح

طلبا کو انکے امتحان پر حاصل کیے گئے اسکیل اسکور کی بنیاد پر ایک کارکردگی کی سطح تفویض کی جاتی ہے- کارکردگی کی چار ممکنہ سطوح موجود ہیں: نیویارک ریاست سطح 4 (**مہارت سے متجاوز**)، نیویارک ریاست سطح 3 (**مہارت**)، نیویارک ریاست سطح 2 (**مہارت سے نیچے**)، نیویارک ریاست سطح 1 (**مہارت سے بہت نیچے**)- ہر ایک کارکردگی کی سطح کی مکمل توضیح کے لیے براہ کرم انفرادی طالبانہ رپورٹ پر صفحہ 1 کا نچلا حصہ دیکھیں- ہر ایک کارکردگی کی سطح کے لیے طلبا کی عمومی صلاحیتیوں، علم اور طریق کار کی تفصیلی توضیح کے لیے برائے مہربانی ملاحظ کریں:
http://www.engageny.org/resource/performance-level-descriptions-for-ela-and-mathematics

2 2014 کارکردگی کی سطح

اگر آپکے بچے کی 2014 کے امتحان کے انعقاد سے کوئی کارکردگی کا اسکور ہے تو وہ اسکور یہاں درج ہوگا- اگر نہیں، تو یہ نوٹ کیا جائے گا کہ کوئی اسکور دستیاب نہیں اور اگر والدین کے خیال میں یہ معلومات غلط ہیں تو انہیں اپنے بچے اسکول سے رجوع کرنے کی ہدایات دی جائی گی-

3 مہارت کی درجہ بندی

مہارت کی درجہ بندی، جس کا دائرہ کار 1.0-4.5 ہوسکتا ہے، یہ ظاہر کرتی ہے کہ ایک طالب علم ایک مخصوص کارکردگی کی سطح میں کس درجے پر ہے- مثال کے طور پر، 2.5 کی مہارت کی درجہ بندی یہ ظاہر کرتی ہے کہ طالب علم نے کارکردگی کی سطح 2 حاصل کی ہے بمع ایسا اسکیل اسکور جو کمترین کارکردگی کی سطح 2 اور کمترین کارکردگی کی سطح 3 کے نصف فاصلے پر ہے- کارکردگی کی سطح 4 کے لیے، اعلی ترین ممکنہ مہارت کی درجہ بندی 4.5 ہے-

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

4 اسکیل اسکور

اسکیل اسکور کا تعین ان پوئنٹس کی تعداد پر ہے جسے طالب علم نے امتحان پر حاصل کیا ہو- اسکیل اسکور کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ اگرچہ ہر سال امتحان دینے والے طلبا تبدیل ہوتے ہیں اور امتحانات خود بھی تبدیل ہوتے ہیں، امتحان کے نتائج کا معنی سال بہ سال ایک ہی ہو- آپکا بچہ جتنے زیادہ تعداد میں پوئنٹس حاصل کرتا ہے، اسکا اسکیل اسکور اتنا ہی زیادہ ہوتا ہے- اسکیل اسکور سب سے زیادہ پرمعنی اس وقت ہوتے ہیں جب انہیں کارکردگی کی سطح سے جوڑا جائے- ذیلی خاکہ ہر ایک گریڈ کے لیے اسکیل اسکور کا دائرہ کار فراہم کرتا ہے، اور ساتھ ساتھ وہ اسکیل اسکور جو آپکے بچے کو اسکی گریڈ سطح کی کارکردگی کی توقعات کی تکمیل کرنے اور کالج اور طرزمعاش کی راہ پر ہونے کے لیے درکار ہے-

تمام تر گریڈز میں اسکیل اسکورز کا دائرہ کار اور مہارت کی سطح

	گریڈ					
	3	4	5	6	7	8
اسکیل اسکور کا دائرہ کار	137–397	137–405	127–415	125–411	124–398	124–400
اس قدر سے زیادہ یا اسکے برابر کے اسکیل اسکور ماہر ہیں (کارکردگی کی سطوح 3 اور 4)	314	314	319	318	322	322

5 نیویارک شہر صدویہ دائرہ کار

نیویارک شہر صدویہ دائرہ کار یہ ظاہر کرتا ہے کہ نیویارک کے پبلک اسکولوں میں اسی گریڈ سطح پر اور موضوعاتی شعبے میں امتحان دینے والے دیگر طلبا کے مقابلے میں کسی طالب علم کی امتحان کی کارکردگی کیسی تھی- صدویہ درجے کو چوتھائی میں عیاں کیا جاتا ہے- اسکا مطلب ہے کہ وہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ اسی گریڈ سطح اور موضوعاتی شعبے میں نیویارک شہر کے تمام تر طلبا کے مقابلے میں آپکے بچے کی کارکردگی نچلے 25% یعنی (0-25%)، 26% اور 50% کے بیچ، 51% اور 75% کے بیچ، یا چوٹی کے 25% یعنی (75-100%) کے بیچ ہے- مثال کے طور پر اگر آپکے بچے نے تیسرے شہرپیما چوتھائیے (51%-75%) کا اسکور حاصل کیا ہے تو اسکا مطلب ہے کہ اس نے نیویارک شہر کے 51% اور 75% طلبا کے جیسے اسکور یا انسے زیادہ اسکور حاصل کیا ہے-

6 مجموعی ریاستی صدویہ دائرہ کار

مجموعی ریاستی صدویہ دائرہ کار یہ ظاہر کرتا ہے کہ تمام تر نیویارک ریاست میں اسی گریڈ سطح پر اور موضوعاتی شعبے میں امتحان دینے والے دیگر طلبا کے مقابلے میں کسی طالب علم کی امتحان کی کارکردگی کیسی تھی- ان معلومات کی چوتھائیے میں نمائش کی جاتی ہے- ان چوتھائیوں کے متعلق اضافی معلومات کے لیے براہ کرم **نیویارک شہر صدویہ دائرہ کار** کی توضیح ملاحظ کریں-

NYC Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

صفحہ 2: اضافی معلومات

1	9	8	
تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ اوسط پوائنٹس	ممکنہ پوائنٹس کی تعداد	آپکے بچے کے ذریعے حاصل کردہ پوائنٹس	**آپکے بچے کی کارکردگی کے متعلق اضافی معلومات**
17	27	25	**عملیات اور الجبرائی سوچ** طلبا 100 کے اندر ضرب اور تقسیم کرتے ہیں۔ طلبا ضرب کی خصوصیات اور ضرب اور تقسیم کے درمیان تعلقات کو سمجھتے ہیں۔ طلبا چار عملیات کے متعلق مسائل سلجھاتے ہیں - جمع، تفریق، ضرب اور تقسیم - اور حساب سے سلسلوں کی شناخت اور وضاحت کرتے ہیں۔
6	12	8	**اعداد اور عملیات - کسرین** طلبا کسروں کی اعداد کی طرح شناخت کرتے ہیں، یہ سمجھتے ہیں کہ کسر اس وقت وجود میں آتی ہے جب کُل کو متعدد مساوی حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ طلبا مساوی کسروں کی شناخت کرسکتے ہیں اور انہیں تخلیق کرسکتے ہیں۔ علاوہ، طلبا ایک ہی شمار کنندہ یا ایک ہی نسب نما کی دو کسروں کا موازنہ کرتے ہیں۔
8	12	10	**پیمائش اور اعداد وشمار** طلبا پیمائش اور وقت کے وقفوں، مائع حجم، اور اشیاء کے وزن کے اندزے سے متعلق مسائل حل کریں گے۔ طلبا رقبے کے تصورات بھی سمجھتے ہیں اور رقبے کا تعلق ضرب اور جمع سے جوڑتے ہیں۔

7

7 **رياضيات حلقوں کے ذیلی اسکورز:**

رياضيات کے امتحان کے پوائنٹس کو تین رپورٹ کیے گئے ذیلی اسکورز میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ یہ ذیلی اسکورز گریڈ کے لیے مرکزی موضوعاتی مواد کی پیمائش کرتے ہیں، جنہیں حلقوں کے حساب سے منظم کیا جاتا ہے (مثلاً، عملیات اور الجبرائی سوچ)۔ حلقوں کے ذیلی اسکور، مرکزی موضوعاتی مواد کی تشخیص کرنے والے سوالات کے گروہوں پر حاصل کردہ پوائنٹس کی بنیاد پر شمار کیا جاتا ہے۔ یہ ذیلی اسکورز گریڈ کے حساب سے مختلف ہوتے ہیں کیونکہ ہر ایک گریڈ میں طلبا سے علم اور صلاحیتوں کے فرق کا مظاہرہ کرنے کا تقاضہ کیا جاتا ہے۔ ازراہ کرم ہر ایک گریڈ میں رپورٹ کردہ حلقوں کے لیے ذیل ملاحظہ کریں۔

گریڈ	رپورٹ کیے گئے زمرے		
	1	2	3
3	عملیات اور الجبرائی سوچ	اعداد اور عملیات - کسرین	پیمائش اور اعداد وشمار
4	عملیات اور الجبرائی سوچ	اعداد اور عملیات بنیادی دہائی میں	اعداد اور عملیات - کسرین
5	اعداد اور عملیات - بنیادی دہائی میں	اعداد اور عملیات - کسرین	پیمائش اور اعداد وشمار

Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

6	نسبت اور نسبتی تعلقات	عددی نظام	اظہار اور مساوات
7	نسبت اور نسبتی تعلقات	عددی نظام	اظہار اور مساوات
8	اظہار اور مساوات	تفاعل	جیومیٹری

8

حلقوں کے ذیلی اسکورز کے لیے آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس:

حلقوں کے ذیلی اسکورز کے لیے **آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس** ان **پوئنٹس کی تعداد** کی نمائندگی کرتا ہے جنھیں آپکے بچے نے اس حلقے (مثلاً عملیات اور الجبرائی سوچ) کی پیمائش کرنے والے سولات پر حاصل کیا ہو- آپکا بچہ ہر اس کثیر انتخابی سوال کے لیے ایک پوئنٹ حاصل کرتا ہے جسکا اس نے درست جواب دیا ہو- آپکا بچہ ہر ایک ترتیب دیے گئے سوال کے جواب کے لیے متعدد پوئنٹس حاصل کرسکتا ہے-

دو قسم کے ترتیب دیے گئے جواب کے سوالات ہوتے ہیں: مختصر جواب (زیادہ سے زیادہ 2 پوئنٹس) اور تفصیلی جواب (زیادہ سے زیادہ 3 پوئنٹس)- اساتذہ ان سوالات کے لیے ہر ایک طالب علم کے جوابات کی درجہ بندی کرتے ہیں- حلقوں کے ذیلی اسکورز کے لیے **آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس** پانے کے لیے ترتیب دیے گئے جواب کے سوالات پر حاصل کیے گئے پوئنٹس کو درست طور پر جواب دیے گئے کثیر انتخابی سوالات کی تعداد سے جمع کیا جاتا ہے- ذیل میں مثال دیکھیں-



9

حلقوں کے ذیلی اسکورز کے لیے ممکنہ پوئنٹس کی تعداد:

حلقوں کے ذیلی اسکورز کے لیے ممکنہ پوئنٹس کی تعداد، ان **کل** پوئنٹس کی تعداد کی نمائندگی کرتا ہے جو کسی مخصوص امتحان پر ایک مخصوص حلقے کی پمائش کرتے ہیں- اس میں اس حلقے کے اندر دونوں کثیر انتخابی سوالات اور ترتیب دیے گئے جواب کے سوالات کے تمام تر ممکنہ پوئنٹس شامل ہیں- اس نمبر کا حلقوں کے ذیلی اسکورز کے لیے **آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس** سے موازنہ کیا جاتا ہے- مثال کے طور پر اگر **عملیات اور الجبرائی سوچ کے لیے ممکنہ پوئنٹس کی تعداد** 27 ہے اور آپکے بچے نے اس حلقے کی پیمائش کرنے والے سوالات سے 25 پوئنٹس حاصل کیے ہیں (**آپکے بچے کے حاصل کردہ پوئنٹس** پر 25 کا اسکور)، تو اس سے عملیات اور الجبرائی سوچ حلقے سے کل 2 پوئنٹس چھوٹے ہیں-

10

تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ اوسط پوئنٹس:

حلقوں کے ذیلی اسکورز کے لیے تمام تر نیویارک میں حاصل کردہ **اوسط** پوئنٹس، ان اوسط پوئنٹس کی تعداد کی رپورٹ فراہم کرتا ہے جنھیں تمام تر نیویارک ریاست کے طلبا نے حاصل کیا ہو- اس نمبر کو آپکے بچے کی کارکردگی کو تمام تر ریاست کے دیگر طلبا کی کارکردگی سے موازنہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے جنھوں نے اپنی گریڈ میں ریاضیات کا امتحان دیا ہو- مثال کے طور پر، اگر آپکے بچے نے عملیات اور الجبرائی سوچ میں 25 پوئنٹس حاصل کیے ہیں، تو اس نے ریاست کے عام طالب علم کے مقابلے میں عملیات اور الجبرائی سوچ میں آٹھ زیادہ پوئنٹس حاصل کیے ہیں- ازراہ کرم نوٹ کریں کہ ایسا ممکن ہے کہ ایک مخصوص حلقے میں گریڈ 3 کے ایک عام ریاضیاتی امتحان دینے والے سے زیادہ پوئنٹس حاصل کرنے کے باوجود پھر بھی اس حلقے میں ماہر نہ سمجھا جائے-